حکومتِ پاکستان

جنوری

۲۰۲۶

ہفتہ وار موسم کی صورتحال

ہفتہ ۱

۱-۷ جنوری

قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر-۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۲\۸

اسلام آباد، پاکستان

حکومت پاکستان
محکمہ موسمیات
قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز
هفته وار موسم کی صورتحال

فون: 9250598- 051
فیکس: 9250368- 051

۱۲جنوری۲۰۲۶

جنوری کے پہلے ہفتہ (۱تا۷ جنوری) ۲۰۲۶ کے دوران مغربی ہواؤں کے زیرِاثر ملک کے بالائی اور بعض جنوبی حصوں میں بارش ریکارڈ کی گئی۔تاہم گلگت بلتستان، شمال مشرقی و جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر حصے خشک رہے۔ اس دوران بارش کی جغرافیائی تقسیم تصویر ۱ میں دکھائی گئی ہے۔ ہفتہ وار بارش کا موسمیاتی معمول (۱۹۹۱-۲۰۲۰) سے انحراف تصویر ۲ میں پیش کیا گیا ہے، جس کے مطابق آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان، مشرقی پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر حصوں میں بارش ہفتہ وار معمول سے کم رہی، جس کا زیادہ سے زیادہ منفی انحراف منفی ۱۰ ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا۔اس کے برعکس، ملک کے دیگر حصوں میں معمول سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی، جہاں چھور میں ۳۴ملی میٹر کا نمایاں مثبت انحراف ریکارڈ کیا گیا۔



تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم



تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ میں جنوری ۲۰۲۶ کے پہلے ہفتے کے دوران ملک بھر میں اوسط درجۂ حرارت کی جغرافیائی تقسیم پیش کی گئی ہے۔اس عرصے کے دوران ملک بھر میں اوسط درجۂ حرارت صفر سے ۲۴ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔کم اوسط درجۂ حرارت، صفر سے ۱۲ڈگری سینٹی گریڈ ملک کے بیشتر بالائی، وسطی اور مغربی حصوں میں ریکارڈ کیا گیا، جبکہ زیادہ اوسط درجۂ حرارت ۱۲ سے ۲۰ڈگری سینٹی گریڈ جنوبی علاقوں میں ریکارڈ کیا گیا۔ تصویر ۴ میں ہفتہ وار موسمیاتی معمول (۱۹۹۱-۲۰۲۰) کے ساتھ موازنہ کر کے درجۂ حرارت کے انحراف کو ظاہر کیا گیا ہے۔اس ہفتے کے دوران وسطی پنجاب اور مغربی بلوچستان میں درجۂ حرارت معمول سے کم رہا، جبکہ ملک کے دیگر حصوں میں درجۂ حرارت معمول سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔اوسط درجۂ حرارت کا انحراف منفی ۲ سے مثبت ۴ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا، جس میں گلگت بلتستان میں نمایاں مثبت انحراف ریکارڈ کیا گیا۔



تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم



تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ میں جنوری ۲۰۲۶ کے پہلے ہفتے کے دوران پاکستان بھر میں بارش کے معمول کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جو ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے دورانیے پر مبنی ہے۔اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں معمول کے مطابق بارش ۱ سے ۳۰ ملی میٹر کے درمیان ریکارڈ کی جاتی ہے۔تاہم پنجاب کے جنوبی حصوں، سندھ اور بلوچستان کے مشرقی علاقوں میں کوئی بارش ریکارڈ نہیں کی جاتی۔تصویر ۶ میں اسی عرصے کے دوران اوسط درجۂ حرارت کی جغرافیائی تقسیم پیش کی گئی ہے، جو ۱۹۹۱-۲۰۲۰ کے دورانیے پر مبنی ہے۔موسمیاتی اوسط کے مطابق ملک بھر میں اوسط درجۂ حرارت عموماً منفی ۲ سے ۲۰ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔زیادہ درجۂ حرارت عموماً جنوبی علاقوں میں جبکہ کم درجۂ حرارت شمالی اور بالائی علاقوں میں ریکارڈ کیا جاتا ہے۔



تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم



تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر ۷ زمینی پانی کے ذخیرہ کے انحرافات کو دکھاتا ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں، جو ۲۵ دسمبر ۲۰۲۵ تا ۵ جنوری ۲۰۲۶ کے دوران مٹی کی نمی کی مقدار کو ظاہر کرتے ہیں، جو طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸-۲۰۱۲) سے موازنہ کیے گئے ہیں۔خشک سالی کے اشاریوں کو تاریخی موسمیاتی اعداد کے تناظر میں percentile کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے جہاں کم فیصد (سرخ رنگ) معمول سے خشک حالت کو ظاہر کرتے ہیں اور زیادہ فیصد (سبز رنگ) معمول سے زیادہ نمی والی حالت کو ظاہر کرتے ہیں۔اس عرصے کے دوران ملک کے بالائی حصوں میں خشک جبکہ جنوبی علاقوں کے بیشتر حصوں میں معمول کے قریب تا مرطوب حالات ریکارڈ کیے گئے۔



تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

۸ تا ۱۴ جنوری کے دوران موسم کی پیشنگوئی

اس عرصے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں زیادہ تر سرد اور خشک موسم کی توقع ہے، جبکہ پہاڑی اور شمالی علاقوں میں موسم انتہائی سرد رہنے کا امکان ہے۔۱۲ جنوری کو گلگت بلتستان، کشمیر اور ملحقہ علاقوں میں ہلکی بارش یا ہلکی برف باری کا امکان ہے، جبکہ ۱۳ تا ۱۴ جنوری تک یہ علاقے بہت سرد اور جزوی طور پر ابر آلود رہیں گے۔اس دوران صبح اور رات کے اوقات میں پنجاب، بالائی سندھ اور خیبر پختونخوا کے میدانوں میں معتدل سے گھنی دھند کے برقرار رہنے کا امکان ہے۔

Government of Pakistan

January

2026

Weekly Weather Update

Week-1

1st -7th January

National Drought Monitoring and Early Warning Centre

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

GOVERNMENT OF PAKISTAN
PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT
(National Drought Monitoring Centre)
Islamabad

Dated: 12th January, 2026

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

Weekly Weather Update

During the first week of January (1-7 January) 2026, rainfall was recorded over the upper and some southern parts of the country under the influence of westerly system. However, most areas of Gilgit-Baltistan, northeastern & southern Punjab, and most parts of Balochistan remained dry. Figure 1 illustrates the spatial distribution of rainfall during the period. The departure of weekly rainfall with the climatological normal (1991-2020) is presented in Figure 2, which indicates that rainfall remained below weekly normal across most parts of AJK, GB, eastern Punjab and most parts of Balochistan, with deficits of up to -10 mm. Other parts of the country received above normal rainfall with a significant positive departure of +34 mm in Chhor.



Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)



Figure 2: Departure of Rainfall (mm)

Figure 3 presents the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the first week of January 2026. During this period, mean temperatures ranged between 0°C and 24°C nationwide. Lower mean temperatures ranging from 0°C to 12°C were observed in most of the upper, central and western parts of the country. In contrast, higher mean temperatures of 12°C to 20°C were recorded over southern parts of the country. Figure 4 depicts the temperature anomaly derived from a comparison with the weekly climatological normal (1991-2020). During the week, temperatures remained below normal in central Punjab and western Balochistan while above normal temperatures were recorded across the rest of the country. The departure of mean temperature ranged between -2°C to +4°C with most significant departure was observed in GB.



Figure 3:Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)



Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)

Figure 5 illustrates the spatial distribution of normal rainfall across Pakistan during the first week of January 2026, based on the 1991-2020 reference period. During this week, rainfall typically ranges between 1 mm and 30 mm across most parts of the country. However, no rainfall is recorded over the southern parts of Punjab, Sindh, the eastern and eastern Balochistan. Figure 6 presents the spatial distribution of mean temperature during the same period, based on the 1991-2020 reference period. According to the climatology, mean temperatures across the country generally range between -2°C and 20°C. Higher temperatures are generally observed over the southern regions, while lower temperatures prevail over the northern and upper parts of the country.



Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)



Figure 6: Spatial Distribution of mean temperature (°C)

Figure 7 illustrates groundwater storage anomalies derived from NASA's GRACE-FO satellite observations for the period 30 December 2025 to 05 January 2026, representing soil moisture conditions relative to the long-term average (1948-2012). The drought indicators are expressed in the form of percentiles based on historical climatological data, where lower percentiles (shown in red) indicate drier-than-normal conditions, and higher percentiles (shown in green) represent wetter-than-normal conditions. During this period, dry conditions prevailed over the upper parts of the country, while near normal to wet conditions were observed across most of the southern regions.



Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)

Forecast for 8th to 14th January, 2026

During this period, mainly cold and dry weather is expected over most parts of the country, while very cold conditions will prevail in the hilly and northern regions. On 12 January, there is a chance of light rain or light snowfall in Gilgit-Baltistan, Kashmir, and adjoining areas, while very cold and partly cloudy weather will prevail in these regions during 13-14 January. Throughout the period, moderate to dense fog is likely to persist over Punjab, upper Sindh, and the plain areas of Khyber Pakhtunkhwa, particularly during morning and night hours.